(Urdu version)

عارضی جانچ کے مراکز عوام الناس کو مفت جانچ کی خدمات فراہم کرتے ہیں

ہانگ کانگ میں بگڑتی ہوئی مہاماری کی صورت حال کے پیش نظر حکومت نے ان چاروں اضلاع جن کا تعلق حالیہ معاشرتی وبا پھوٹنے سے ہے یعنی وان چائی، کوائی سنگ، کوولون سٹی اور یاؤ سم مونگ اضلاع میں ایک ایک عارضی جانچ کا مرکز قائم کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

وان چائی عارضی جانچ کا مرکز ہاربر روڈ اسپورٹس سنٹر میں واقع ہے۔ کوائی سنگ عارضی جانچ کا مرکز شیک لی کمیونٹی ہال میں واقع ہے۔ کوولون سٹی عارضی جانچ کا مرکز کائی ٹاک کمیونٹی ہال، 3 کونکورڈ روڈ ، کائی ٹاک میں واقع ہے۔ یاؤ شم مونگ عارضی جانچ کا مرکز ہینری جی لیونگ یاؤمیٹی کمیونٹی سینٹر، 60 پبلک اسکوائر اسٹریٹ، یا ما ما تی میں واقع ہے۔

عوام الناس کی جانچ کی سہولت کے واسطے مفت نمونہ جمع کرنے اور جانچ کی خدمت فراہم کرنے کے لئے چاروں عارضی جانچ کے مراکز 16 اکتوبر تک آزمایشی طور پر صبح 8 بجے سے دوپہر 1.30 اور دوپہر 2.30 سے شام 8 بجے تک کھلے رہیں گے تاکہ جتنی جلدی ممکن ہو کیسز اور بغیر علامت والے مریضوں کی نشاندہی کی جاسکے تاکہ معاشرے میں منتقلی کے تسلسل کو توڑا جاسکے۔

مزید یہ کہ COVID-19 کی جانچ کے واسطے عوام الناس کی سہولت کے لئے، غیر رہائشی مریض والے 46 عام مطب (جی او پی سی) میں گہری حلق کی رال کانمونہ جمع کرنے والے پیک کے تقسیم کا وقت 9 اکتوبر سے اسپتال کی انتظامیہ (ایچ اے) نے صبح 9 بجے سے دوپہر 1 اور دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک بڑھا دیا ہے۔

حکومت نے عوام الناس سے اپیل کی تھی کہ جن لوگوں کو اپنی صحت سے متعلق شبہات ہیں وہ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لئے جانچ کروائیں اور ایک ساتھ مل کر اس وائرس سے لڑیں۔

衛生防護中心
Centre for Health Protection

衛生防護中心網站
Centre for Health Protection Website
www.chp.gov.hk

衛生防護中心Facebook專頁
Centre for Health Protection Facebook Fanpage
fb.com/CentreforHealthProtection

衛生署
Department of Health

Revised in October 2020
二零二零年十月修訂